CAREERINDIA

**SET-1**

**Series SGN**

کوڈ نمبر **Code No. 251/1**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | |

- آپ جانچ لیجیے کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد 8 ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد 24 ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے .15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔سوال کے پرچہ کو صبح ۔10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **24** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# معیشت

# ECONOMICS

## (Urdu Version)

وقت : ۳ گھنٹے — کل نمبر: ۸۰

*Time allowed : 3 hours* — *Maximum Marks : 80*

www.careerindia.com

CAREERINDIA

## عام ہدایات:

(i) دونوں سیکشنوں کے سبھی سوال لازمی ہیں۔

(ii) ہر سوال کے لیے مخصوص نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(iii) سوال نمبر 1 سے 4 اور 13 سے 16 نمبر کے سوال بہت چھوٹے جوبوں والے اور ایک ایک نمبر کے ہیں۔ ان کے جواب فی سوال ایک ایک فقرہ میں دیئے جاسکتے ہیں۔

(iv) سوال نمبر 5 سے 6 اور 17 سے 18 نمبر کے سوال بھی چھوٹے جوابوں والے ہیں۔ ان کے جواب عام طور پر فی سوال 60 الفاظ تک ہوسکتے ہیں۔ یہ سوال تین تین نمبروں کے ہیں۔

(v) سوال نمبر 7 سے 9 اور 19 سے 21 نمبر کے سوال بھی چھوٹے جوابوں والے ہیں۔ ان کے جواب عام طور پر فی سوال 70 الفاظ تک ہوسکتے ہیں۔ یہ چار چار نمبروں کے ہیں۔

(vi) سوال نمبر 10 سے 12 اور 22 سے 24 نمبر کے سوال فی سوال چھ چھ نمبروں کے ہیں۔ ان سوالوں کے جواب فی سوال عام طور پر 100 الفاظ تک ہوسکتے ہیں۔

(vii) آپ کے فی سوال جواب مختصر اور صحیح ہونے چاہئیں اور مذکورہ بالا حد کے اندر ہوں۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

## حصّہ - A

1۔ مثبت معاشیات کی ایک مثال دیجیے۔ 1

2۔ قائم لاگت (Fixed cost) کی تعریف بیان کیجیے۔ 1

3۔ جب اوسط پیداوار سب سے زیادہ ہوتی ہے تب حاشیائی پیداوار (صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے) 1

(a) اوسط پیداوار کے برابر ہوتی ہے

(b) اوسط پیداوار سے کم ہوتی ہے

(c) اوسط پیداوار سے زیادہ ہوتی ہے

(d) درج بالا میں سے کوئی بھی ہوسکتا ہے۔

4۔ جب 100 اکائی پیداوار کرنے کی کل اوسط قائم لاگت 30 روپے اور اوسط متغیرہ لاگت 3 روپے ہوتو کل لاگت یہ ہوگی: (صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے) 1

(a) 3 روپے

(b) 30 روپے

(c) 270 روپے

(d) 330 روپے

5۔ ''کس کے لیے پیداوار کی جائے'' کا مرکزی مسئلہ سمجھائیے۔ 3

یا

''تکنیک کے انتخاب'' کا مرکزی مسئلہ سمجھائیے۔ 3

www.careerindia.com

CAREERINDIA

6۔ بےلوچ مانگ (طلب) کا کیا مطلب ہے؟مکمل بےلوچ مانگ سے موازنہ کیجیے۔ 3

7۔ ایک شے کی قیمت معلوم ہونے پر ایک صارف یہ کیسے طے کرے گا کہ وہ اس شے کو کتنا خریدے؟ سمجھائیے۔ 4

یا

خط بےنیازی (Indifference curves) کیا ہے؟اس کی تین خصوصیات لکھیے۔ 4

8۔ جب ایک شے کی قیمت 4 روپے فی اکائی سے بڑھ کر 5 روپے فی اکائی ہوجاتی ہے۔تو اس کی مارکیٹ سپلائی 100 اکائی سے بڑھ کر 120 اکائی ہوجاتی ہے۔سپلائی کی قیمت لوچ کا تجزیہ کیجیے۔کیا سپلائی (رسد) لوچدار ہے۔اسباب لکھیے۔ 4

9۔ بیش ترین قیمت ( Price ceiling ) کیا ہے ؟ اس کے اثرات سمجھائیے۔ 4

10۔ خط بے نیازی تجزیہ (Indifference Curve Analysis) کے ذریعے ایک صارف کے توازن کی شرطیں سمجھائیے۔ 6

11۔ حاشیائی محاصل اور حاشیائی لاگت کی مدد سے پیداواری توازن کی شرطیں سمجھائیے۔ 6

www.careerindia.com

CAREERINDIA

12۔ اجارہ دارانہ مسابقت کی تین خصوصیات بتائیے۔ان میں کون سی خصوصیت اس کو کامل مسابقت سے الگ کرتی ہے اور کیوں ؟ 6

یا

درج ذیل کے اثرات سمجھائیے: 6

(a) مکمل مسابقت میں فرموں میں آزادانہ داخلہ اور اخراج

(b) چند اجارہ داری میں غیر قیمت مسابقت

## حصّہ ۔ B

13۔ درج ذیل میں سے کون سا قومی آمدنی کو متأثر کرتا ہے ؟ (صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے)۔ 1

(a) اشیاء اور خدمات ٹیکس

(b) کارپوریشن ٹیکس

(c) سبسیڈی

(d) درج بالا میں سے کوئی نہیں۔

14۔ زر کی رسد (سپلائی) کی تعریف بیان کیجیے۔ 1

www.careerindia.com

CAREERINDIA

15۔ سینٹرل بینک قرض کی دستیابی بڑھا سکتا ہے ایسا کرنے سے: (صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے) 1

(a) ریپو در بڑھا کر (Raising repo rate)

(b) ریورس ریپو در بڑھا کر (Raising reverse repo rate)

(c) سرکاری سیکوریٹیز خرید کر

(d) سرکاری سیکوریٹیز بیچ کر

16۔ صرفی خط (Consumption curve) ابتدا (Origin) سے کیوں شروع نہیں ہوتا۔ 1

17۔ درج ذیل میں سے کون سی آخری اشیاء اور درمیانی اشیاء ہوتی ہیں۔ وجہ بتائیے۔ 3

(a) چائے اسٹال کے ذریعے دودھ کی خرید

(b) اسکول کے ذریعے بس کی خرید

(c) اسکول کے کینٹین سے طلبا کے ذریعے جوس کی خرید

یا

Nominal آمدنی معلوم ہونے پر ہم اصل آمدنی Real income کیسے معلوم کر سکتے ہیں۔؟ سمجھائیے۔ 3

18۔ صرف کا حاشیائی رجحان (Marginal propensity to consume) اور ضارب (Multiplier) کے بیچ کیا تعلق ہے۔ اگر ضارب 4 ہو تو صرف کا حاشیائی رجحان کی قیمت کا حساب لگائیے۔ 3



www.careerindia.com

CAREERINDIA

19۔ ریزرو بینک کے کس کردار کو ''قرض کا آخری ذریعہ'' کہا جاتا ہے ؟ وضاحت کیجیے۔ 4

20۔ Inflationary gap کا کیا مطلب ہے ؟ اسے کم کرنے کے تین طریقے بتائیے۔ 4

یا

مجموعی طلب (Aggregate demand) کا کیا مطلب ہے ؟ اس کے عناصر بتائیے۔ 4

21۔ صرف کا حاشیائی رجحان 0·6 ہے اور معیشت کی ابتدائی آمدنی (Initial income) 100 کروڑ روپے ہے۔ آمدنی، صرف اور بچت دکھاتے ہوئے ایک شیڈول تیار کیجیے۔ اگر آزاد اصل کاری 80 کروڑ روپے ہو تو آمدنی کی سطح توازن (Equilibrium level of income) دکھائیے۔ 4

22۔ درج ذیل کا مطلب سمجھائیے : 6

(a) محاصل خسارہ

(b) مالیاتی خسارہ

(c) ابتدائی خسارہ

یا

سرکاری بجٹ کے درج ذیل مقاصد سمجھائیے : 6

(a) وسائل کی تقسیم

(b) آمدنی کے نابرابری کم کرنا

23۔ (a) قومی آمدنی پر شرح مبادلہ میں اضافے کا اثر سمجھائیے۔ 6

(b) ادائیگی توازن (Balance of payments) میں 'خسارہ' کے تصور کو سمجھائیے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

**24۔** (a) بازار کی قیمت پر خالص قومی پیداوار (b) عوامل لاگت پر مجموعی گھریلو پیداوار کا حساب لگائیے : *4+2=6*

(روپے کروڑوں میں)

| | | |
|---|---|---|
| (i) | کرایہ اور سود | 6,000 |
| (ii) | مزدوری اور تنخواہ | 1,800 |
| (iii) | غیر منقسم منافع | 400 |
| (iv) | خالص بالواسطہ ٹیکس | 100 |
| (v) | سبسڈی | 20 |
| (vi) | کارپوریشن ٹیکس | 120 |
| (vii) | غیر ممالک کو خالص عوامل کی آمدنی | 70 |
| (viii) | منافع (Dividends) | 80 |
| (ix) | قائم پونجی کا صرف | 50 |
| (x) | ملازمتوں کے ذریعے سماجی سیکورٹی امداد | 200 |
| (xi) | مخلوط آمدنی | 1,000 |

www.careerindia.com